# اُردو اختیاری ایچ ایس ایس سی-I

| Version No. | 3 | 3 | 8 | 1 |
|---|---|---|---|---|

وقت: 25 منٹ      حصّہ اوّل (کُل نمبر: 20)

نوٹ: حصّہ اوّل لازمی ہے۔ اس کے جوابات الگ سے مہیا کی گئی او ایم آر (OMR) جوابی کاپی پر دیں۔ اس کو پہلے پچیس منٹ میں مکمل کر کے ناظم مرکز کے حوالے کریں۔ کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

**سوال نمبر1:** مہیا کی گئی او ایم آر (OMR) جوابی کاپی پر دی گئی ہدایات کے مطابق ہر سوال کا درست جواب A/B/C/D منتخب کر کے متعلقہ دائرہ (Bubble) پُر کریں۔ ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

1) ''اردو'' ترکی زبان کا لفظ ہے جس کا مطلب ہے:
A نوآبادی   B محلّہ   C لشکر   D بازار

2) ''میدانِ عمل'' اور ''گئودان'' کس کے مشہور ناول ہیں؟
A ڈپٹی نذیر احمد   B سرسید احمد خان   C الطاف حسین حالی   D منشی پریم چند

3) ''قصہ خواجہ سگ پرست'' کس داستان سے لیا ہوا اقتباس ہے؟
A باغ و بہار سے   B فسانۂ عجائب سے   C آرائشِ محفل سے   D رانی کیتکی کی کہانی سے

4) میر امن کی وجہ شہرت کیا ہے؟
A شاعری   B مضمون نگاری   C داستان گوئی   D ڈراما نگاری

5) شاملِ نصاب سبق ''فسانہ سلطان یمن'' کس کی تصنیف ہے؟
A میر امن دہلوی   B رجب علی بیگ سرور   C حیدر بخش حیدری   D نہال چند لاہوری

6) یمن کے بادشاہ کو لوگ ''خدادوست'' کیوں کہتے تھے؟
A اس کا لقب تھا   B خاندانی نیکی کی وجہ سے   C خدا خوفی کی وجہ سے   D ذاتی نیک سیرتی اور عوام پروری کی وجہ سے

7) اُمراؤ جان ادا کہاں کی رہنے والی تھی؟
A لکھنؤ   B فیض آباد   C دہلی   D احمد آباد

8) شاملِ نصاب سبق ''خدا کی بستی'' کے مصنف کون ہیں؟
A شوکت صدیقی   B پریم چند   C عبداللہ حسین   D اشفاق احمد

9) خدیجہ مستور کا کون سا ناول ان کی وجہ شہرت بنا؟
A زمین   B آنگن   C تھکے ہارے   D چند روز

10) شاملِ نصاب سبق ''زیور کا ڈبا'' کس کی تحریر ہے؟
A ممتاز مفتی   B منشی پریم چند   C اشتیاق حسین   D سعادت حسن منٹو

11) پرکاش نے زیور کا ڈبا کیوں واپس کیا؟
A بیوی کے کہنے پر   B ٹھاکر کے کہنے پر   C ویراندر کی خاطر   D اپنے ضمیر کی آواز پر

12) شاملِ نصاب سبق ''زیور کا ڈبا'' کا اہم ترین کردار کون سا ہے؟
A ویراندر   B چمپا   C پرکاش   D ٹھاکر

13) مشہور افسانہ نگار غلام عباس کب پیدا ہوئے؟
A 1909ء   B 1915ء   C 1918ء   D 1919ء

14) شریف حسین کو سنگِ مرمر کا ٹکڑا کہاں سے ملا تھا؟
A وراثت میں   B راستے میں پڑا   C کباڑی کی دکان سے خریدا تھا   D تحفے میں

15) لفظ ڈراما کس زبان سے تعلق رکھتا ہے؟
A فرانسیسی   B برطانوی   C یونانی   D ہسپانوی

16) اردو کے سب سے پہلے ڈرامے کا نام کیا ہے؟
A انارکلی   B اندر سبھا   C باپ کا گناہ   D امراؤ جان ادا

17) مقدمہ ''شعر و شاعری'' کا تعلق کس صنفِ ادب سے ہے؟
A افسانہ   B ناول   C تنقید   D شاعری

18) ہر شعر کے آخر میں آنے والے ہم آواز اور ہم وزن الفاظ کیا کہلاتے ہیں؟
A بحر   B قافیہ   C ردیف   D تلمیح

19) مرثیے کو کتنے حصوں میں تقسیم کیا جاتا ہے؟
A سات   B آٹھ   C نو   D گیارہ

20) نظم کے لیے ''مسمط'' کا لفظ بھی استعمال کیا جاتا ہے۔ اس کا مطلب کیا ہے؟
A آئینہ   B ہیروں کی لڑی   C موتیوں کی لڑی   D خوبصورت تصویر

# اُردو اختیاری    ایچ ایس سی-I

وقت: 2:35 گھنٹے    کُل نمبر حصہ دوم اور سوم 80

نوٹ: حصہ دوم اور سوم کے سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ ایکسٹرا شیٹ (Sheet-B) طلب کرنے پر مہیا کی جائے گی۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

## حصہ دوم (کُل نمبر 50)

سوال نمبر۲۔ کردار نگاری سے مراد سیرت نگاری یا کسی داستان یا قصے کے افراد کے احوال و اطوار کا بیان ہے۔ ''خواجہ سگ پرست'' کے کردار کا ایک عام جائزہ پیش کریں۔ (یا) (12)
''خواجہ سگ پرست اور اس کے بھائیوں کے کرداروں میں نیکی اور بدی کا امتیاز موجود ہے''۔ داستان کے پڑھے ہوئے حصے میں سے مثالیں دے کر اس کی وضاحت کریں۔

سوال نمبر۳۔ درج ذیل میں سے کوئی سے تین سوالات کے جوابات لکھیے۔ ہر سوال کا جواب پانچ سطروں تک محدود ہو۔ (3x5=15)

(i) امراؤ جان ادا کی منگنی کس سے ہوئی تھی؟
(ii) سلمان کی ماں کی گھر میں اب کیا حیثیت تھی؟
(iii) بڑے چچا کے قتل کی خبر پڑھ کر عالیہ کی کیا حالت ہوئی؟
(iv) دنیا میں کون سی قومیں مہذب یا تہذیب یافتہ گنی جاتی ہیں

سوال نمبر۴۔ سبق اور مصنف کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے: (1+1+5=7)

الف۔ تو مردِ بزرگ ہے، کج ادائی نہ کر، اس نیک بخت کو للّٰہ میرے ساتھ کر دے، تا کہ اس کی شراکت سے اس کو رنج سے نجات ملے، وگرنہ بندۂ خدا کا مفت خون ہوتا ہے، آدمی کا مرجانا زبوں ہوتا ہے۔ یہ اللہ کا نام سن کر گھبرائے، بی بی سے کہا: زہے نصیب! جو محتاج میں کسی کی حاجت برآئے، کام نکلے۔ بسم اللہ، دیر نہ کرو۔ اس نے دم نہ مارا، کھڑی ہوگئی، سوداگر کے ساتھ روانہ ہوئی۔

ب۔ شریف حسین کو اپنے آپ پر غصہ آیا کہ میں نے بارہ آنے کیوں نہ کہے۔ اب لوٹنے کے سوا چارہ ہی کیا تھا۔ قیمت ادا کرنے سے پہلے اس نے اس مرمریں ٹکڑے کو اٹھا کر دوبارہ دیکھا بھالا کہ اگر ذرا سا بھی نقص نظر آئے تو اس سودے کو منسوخ کر دے مگر وہ ٹکڑا بے عیب تھا۔ نہ جانے کباڑی نے اسے اس قدر سستا بیچنا کیوں قبول کیا تھا۔

سوال نمبر۵۔ کسی ایک جزو کی بحوالۂ شاعر اس طرح تشریح کیجیے کہ اشعار کی فنی خوبیاں نمایاں ہو جائیں۔ نیز نظم کا عنوان لکھیے: (1+1+5=7)

الف۔
یاں غازیو! یہ دن ہے جدال و قتال کا
یاں خون بہے گا آج محمدؐ کی آل کا
چہرہ خوشی سے سرخ ہے زہراؑ کے لال کا
گذری شبِ فراق دن آیا وصال کا
ہم وہ ہیں غم کریں گے ملک جن کے واسطے
راتیں تڑپ کے کاٹی ہیں اس دن کے واسطے

ب۔
جھپٹنا، پلٹنا، پلٹ کر جھپٹنا
لہو گرم رکھنے کا ہے اک بہانہ
یہ پورب، یہ پچھم، چکوروں کی دنیا
مرا نیلگوں آسماں بیکرانہ
پرندوں کی دنیا کا درویش ہوں میں
کہ شاہیں بناتا نہیں آشیانہ

سوال نمبر۶۔ علامہ اقبال کی شاعری پر ایک تنقیدی نوٹ لکھیے۔ (09)

(یا)

حفیظ جالندھری پر ایک مختصر سوانحی و تنقیدی نوٹ لکھیے۔

## حصہ سوم (کُل نمبر 30)

سوال نمبر۷۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مفصل مضمون لکھیں: (10)

الف۔ فورٹ ولیم کالج کی ادبی خدمات
ب۔ سرسید اور ان کے رفقاء کی ادبی خدمات
ج۔ اردو شاعری کا دبستانِ دہلی
د۔ ''خدا کی بستی'' کے حوالے سے شوکت صدیقی کی فن ناول نگاری

سوال نمبر۸۔ درج ذیل اصنافِ نثر میں سے کسی ایک پر مختصر نوٹ لکھیں: (10)

الف۔ اردو ناول
ب۔ مختصر افسانا

سوال نمبر۹۔ درج ذیل اصنافِ نظم میں سے کسی ایک پر مختصر نوٹ لکھیں: (10)

الف۔ رُباعی
ب۔ حمد